A-PDF Watermark DEMO: Purchase from www.A-PDF.com to remove the watermark

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ

پریس ریلیز نمبر 49/18

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ایجوکیشن بورڈ کے زیر اہتمام منعقدہ امتحان انٹرمیڈیٹ سالانہ 2018ء کے غیر جانبدار، مستند اور اغلاط سے پاک نتائج کی اشاعت مورخہ 12-09-2018 کو ہو چکی ہے۔ پرائیویٹ امیدواران کے رزلٹ کارڈ داخلہ فارم پر دیئے گئے گھریلو پتہ جات پر ارسال کر دیئے گئے ہیں۔ ریگولر امیدواران کے ادارہ جات اپنے الاٹ شدہ Username/Password سے اپنے ادارہ کے رزلٹ کارڈ ڈاؤن لوڈ کریں جس پر سربراہ ادارہ اپنے دستخط و مہر ثبت کر کے متعلقہ طالب علموں کو وصول کروائیں۔ تاہم کامیاب ہونے والے ریگولر امیدواران کے مفاد کے پیش نظر ان کے رزلٹ کارڈز امسال بذریعہ رجسٹرڈ پارسل ادارہ سربراہان کو ترسیل کئے جا رہے ہیں جو کہ امیدواران تک پہنچانا ادارہ سربراہ کی ذمہ داری ہوگی۔ ایسے پرائیویٹ امیدواران جنہیں 24-09-2018 تک رزلٹ کارڈ نہ ملیں وہ ڈپٹی کنٹرولر امتحانات (انٹر) سے بالمشافہ یا بذریعہ فون 9200751-55 ایکسٹینشن نمبر 175 پر رابطہ کریں اور وہ امیدواران جنہوں نے اعتراضاتی مراسلہ جات کا جواب نہیں دیا۔ یا ایسے امیدواران جن کے ذمہ فیس کے بقایا جات ہیں۔ ان کے رزلٹ کارڈ روک لئے گئے ہیں۔ وہ اپنے بقایا جات جلد از جلد بورڈ کے کھاتہ میں جمع کروا کر اپنے رزلٹ کارڈ حاصل کریں۔ مزید یہ کہ ایسے امیدواران جنہوں نے مارکس امپروو کیے ہیں، ان کے رزلٹ کارڈ دفتر ہذا میں روک لیے گئے ہیں۔ تاکہ وہ اپنے سابقہ رزلٹ کارڈز بورڈ کو جمع کروا کر نئے رزلٹ کارڈز حاصل کر سکیں۔ امتحان انٹرمیڈیٹ/علوم شرقیہ سپلیمنٹری 2018ء مورخہ 22-10-2018 سے شروع ہو رہا ہے۔ ایسے فیل شدہ امیدواران جو امتحان انٹرمیڈیٹ/علوم شرقیہ سپلیمنٹری 2018ء میں شرکت کے خواہاں ہیں۔ وہ درج ذیل شیڈول کے مطابق داخلہ فارم جمع کروائیں۔

1.	سنگل فیس کے ساتھ آخری تاریخ	13 ستمبر 2018 تا 27 ستمبر 2018ء
2.	ڈبل فیس کے ساتھ آخری تاریخ	28 ستمبر 2018ء تا 02 اکتوبر 2018ء
3.	تین گنا فیس کے ساتھ آخری تاریخ	03 اکتوبر 2018ء تا 05 اکتوبر 2018ء

Result.pk

(درج بالا شیڈول سے ہٹ کر کوئی داخلہ فارم وصول نہیں ہوگا)

نوٹ : مزید براں امتحان انٹرمیڈیٹ/علوم شرقیہ سپلیمنٹری 2018ء کے لیے داخلہ فارم بورڈ ہذا کی ویب سائٹ www.bisegrw.com سے ڈاؤن لوڈ کیے جائیں گے بینکوں سے مینوئل داخلہ فارم ہرگز دستیاب نہیں ہوں گے۔

واضح رہے کہ حسب قواعد فیس اور داخلہ فارم مقررہ تاریخ تک حبیب بینک کی مقرر کردہ برانچوں میں جمع کروا کر بینک سے فارم وصولی کی رسید حاصل کرنا لازمی ہوگی۔ جس کی تمام تر ذمہ داری امیدوار پر عائد ہوگی۔

-دستخط-

کنٹرولر امتحانات

کاپی برائے اطلاع

1. جناب ڈائریکٹر تعلقات عامہ گوجرانوالہ ریجن، گوجرانوالہ
2. جناب مینجر حبیب بینک لمیٹڈ بورڈ کیمپس، گوجرانوالہ
3. جناب سسٹم اینالسٹ (برائے ویب سائٹ)
4. داخلی تقسیم

اسسٹنٹ سیکرٹری (اکیڈمک)

مورخہ 12-09-2018